ہفت روزہ

ندائے خلافت

لاہور

49

www.tanzeem.org

27 دسمبر 2011ء تا 2 جنوری 2012ء / یکم تا 7 صفر المظفر 1433ھ

”آج خدا تمہاری طرف ہے!“

وحی کی تجلی جب تک ہماری راہوں کو منور کرتی رہی ہم تاریخ کی لگام سنبھالے رہے۔ دنیا میں واقعات کا رخ ہماری مرضی سے متعین ہوتا تھا اور جب کبھی دشوار لمحات میں ہمیں واقعات پر اپنی گرفت ڈھیلی محسوس ہوتی تو بے ساختہ ہماری نگاہیں آسمان کی طرف اُٹھ جاتیں۔ ہم خدائے قادر مطلق سے اضافی مدد کے طالب ہوتے اور عین پریشان کن لمحات میں حیرت انگیز طور پر اپنے خدا کی نصرت کو موجود پاتے۔ بدر کے معرکے میں تو خود ذات ختمی رسالت موجود تھی، جس نے مٹھی بھر اہل ایمان کی نصرت کے لیے رب ذوالجلال کی نصرت چاہی تھی لیکن اہل ایمان کے بعد کے معرکے بھی خواہ وہ ایران وروما کی سلطنتوں کا سرنگوں ہونا ہو یا بعد کے عہد میں اسپین کے ساحل پر کشتیاں جلانے کا واقعہ، ان تمام لمحات میں مسلمانوں کو ہمیشہ یہ محسوس ہوتا رہا کہ ایک زندہ اور متحرک خدا ان کی نصرت کے لیے ہمہ وقت موجود ہے، جس کے بل بوتے پر وہ بڑی سے بڑی مہم جوئی کا خطرہ مول لے سکتے ہیں۔ معروف ایرانی فوجی جرنیل ہرمزان جب گرفتار ہو کر حضرت عمرؓ کے سامنے آیا تھا تو اس نے اسی بات کی شہادت دی تھی۔ اس نے کہا تھا: ”اے عمر! جب تک قوت کا قوت سے مقابلہ تھا تم ہمارے مقابلے میں کسی شمار قطار میں نہ تھے لیکن آج خدا تمہاری طرف ہے اور خدا جس کی طرف ہو اس پر کون غالب آ سکتا ہے؟“

اسلام: مستقبل کی بازیافت

راشد شاز

اس شمارے میں

ہاتھیوں کی جنگ

حضرت شیخ الہندؒ کی دعوت اور اُس کی انقلابی جہت

قائداعظم کی زندگی کا ایک اہم راز

جمود کا شکار کون؟

ہمارا حق آگہی
کتنی حقیقت کتنا فسانہ؟

اشاریہ ندائے خلافت 2011ء

الہدیٰ (493)

ڈاکٹر اسرار احمدؒ

سورۃ ہود

(آیات 5، 6)

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۵ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۶

''دیکھو یہ اپنے سینوں کو دوہرا کرتے ہیں تا کہ اللہ سے پردہ کریں۔ سن رکھو جس وقت یہ کپڑوں میں لپٹ کر پڑتے ہیں (تب بھی) وہ ان کی چھپی اور کھلی باتوں کو جانتا ہے۔ وہ تو دلوں تک کی باتوں سے آگاہ ہے۔ اور زمین پر کوئی چلنے پھرنے والا نہیں مگر اس کا رزق اللہ کے ذمے ہے۔ وہ جہاں رہتا ہے اسے بھی جانتا ہے اور جہاں سونپا جاتا ہے اسے بھی۔ یہ سب کچھ کتاب روشن میں (لکھا ہوا) ہے۔''

یہ آیت مشکلات قرآن میں سے ہے۔ اس کے بارے میں بہت سے اقوال ہیں۔ اس آیت کی کئی طرح سے تشریح کی گئی ہے۔ بخاری میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ اہل ایمان پر حیا کا اتنا غلبہ تھا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو غسل کرتے وقت بھی عریاں ہونا پسند نہ تھا، وہ اس طرح جھک جاتے تھے کہ ستر چھپا رہے اور قضائے حاجت کے وقت بھی وہ پورے ستر کا اہتمام کرتے تھے۔ تو یہاں فرمایا جا رہا ہے کہ تم جتنا بھی اہتمام کر لو اللہ کی نگاہوں کے سامنے ہو۔ ستر وحجاب کے احکام کی پابندی تمہیں بہر حال کرنی ہے، لیکن کسی بھی معاملے میں غلو کی ضرورت نہیں۔ دیکھو، اللہ سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ تم جب اپنے اوپر کپڑے اوڑھے ہوئے ہوتے ہو، اس وقت بھی اللہ جانتا ہے جو کچھ چھپا رہے ہوتے اور جو کچھ ظاہر کر رہے ہوتے ہو۔ اللہ تو جو کچھ سینوں کے اندر ہے، اس کا بھی علم رکھتا ہے۔

یہاں بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کو جو نظام بنایا ہے اس کے تحت ہر شے کو اس کا رزق فراہم کیا جاتا ہے۔ جانداروں کے لیے اُن کی غذا کا انتظام ہے۔ بچے کی پیدائش بعد میں ہوتی ہے اور ماں کی چھاتیوں میں دودھ پہلے پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا نظام ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ لوگوں نے دولت کی تقسیم کا نظام غلط کر دیا ہے۔ جس کے نتیجے میں کچھ لوگ بھوکے ننگے رہ گئے اور کچھ نے دولت سمیٹ سمیٹ کر انبار لگا لیے۔ یہ انسانوں کا معاملہ ہے کہ انہوں نے غلط کام کیا ہے، ورنہ اللہ تعالیٰ نے تو پوری مخلوق کے لیے وافر رزق پیدا کر دیا ہے۔ اور اللہ ہر انسان کی مستقل قیام گاہ کو بھی جانتا ہے اور اس جگہ کو بھی، جہاں وہ عارضی طور پر سونپا جاتا ہے۔ (سورۃ الانعام میں ''مستقر'' اور ''مستودع'' پر تفصیلی بحث ہو چکی ہے، اس بارے میں تین اقوال وہاں بیان کیے گئے ہیں۔) آیت کے آخر میں یہ بات واضح فرما دی کہ یہ باتیں جو بیان کی گئی ہیں یہ سب ایک روشن اور کھلی کتاب میں درج ہیں۔ یہ سب کچھ علم الٰہی کی کتاب میں موجود ہے۔

فرمان نبویؐ

پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

مومن اور منافق میں فرق

عَنْ كَعْبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: ((مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَالْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ تُفَيِّئُهَا الرِّيْحُ مَرَّةً وَتَعْدِلُهَا مَرَّةً وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَالْاَرْزَةِ لَاتَزَالُ حَتّٰى يَكُوْنَ انْجِعَافُهَا مَرَّةً وَاحِدَةً)) (رواہ بخاری)

حضرت کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مومن کی مثال کھیتی کے پودوں کی طرح ہے کہ ہوا کبھی اس کو ادھر ادھر جھکا دیتی ہے اور کبھی اس کو سیدھا کر دیتی ہے، اور منافق کی مثال صنوبر کے درخت کی طرح ہے کہ وہ ہمیشہ سیدھا قائم و دائم رہتا ہے، یہاں تک کہ ایک ہی دفعہ اکھڑ جاتا ہے۔''

تا خلافت کی بنا، دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تنظیم اسلامی کا ترجمان، نظامِ خلافت کا نقیب

ہفت روزہ — لاہور

ندائے خلافت

بانی: اقتدار احمد مرحوم

27 دسمبر 2011ء تا 2 جنوری 2012ء — جلد 20
یکم تا 7 صفر المظفر 1433ھ — شمارہ 49

مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید
مدیر: ایوب بیگ مرزا
نائب مدیر: محبوب الحق عاجز

نگران طباعت: شیخ رحیم الدین
پبلشر: محمد سعید اسعد، طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس، ریلوے روڈ لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی:
67-اے، علامہ اقبال روڈ، گڑھی شاہو لاہور-54000
فون: 36316638-36366638 فیکس: 36271241
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت: 36-کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور-54700
فون: 35869501-03 فیکس: 35834000
publications@tanzeem.org

قیمت فی شمارہ 12 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک...... 450 روپے
بیرون پاکستان
انڈیا--------------(2000 روپے)
یورپ، ایشیا، افریقہ وغیرہ (2500 روپے)
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ (3000 روپے)
ڈرافٹ، منی آرڈر یا پے آرڈر
"مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں۔ چیک قبول نہیں کیے جاتے

"ادارہ" کا مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

اداریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایوب بیگ مرزا

ہاتھیوں کی جنگ

اس قوم کے رکھوالوں کے لیے جھوٹ کتنا سہل، کتنا آسان اور کتنا عام ہوگیا ہے۔ وزیراعظم کا فرمان ہے کہ میمو ایک جھوٹے اور مکار شخص کے ہاتھ کا لکھا ہوا کاغذ کا ایک ٹکڑا ہے، جس کی کوئی حیثیت نہیں۔ آرمی چیف کہتے ہیں میمو ایک حقیقت ہے جس سے پاکستان کی سیکیورٹی خطرہ سے دوچار ہوگئی ہے۔ فوج کے حوصلے پست کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور ایٹمی تنصیبات کے حوالے سے انتہائی خطرناک باتیں لکھی گئی ہیں۔ آئی ایس آئی کے سربراہ جنرل پاشا کہتے ہیں میمو ایک ناقابل تردید حقیقت ہے۔ وہ یہ مطالبہ بھی کرتے ہیں کہ منصور اعجاز کو سپریم کورٹ میں طلب کیا جائے۔ اِس لیے کہ بلیک بیری کے ذریعے لیے گئے ایسے مضبوط شواہد ہیں کہ اِنہیں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ وزیراعظم کے فرمودات اور سیکیورٹی کے سربراہان کے بیانات کا موازنہ کیا جائے تو ایک بچہ بھی زمین و آسمان کا فرق محسوس کرے گا۔ اس کے باوجود اگر ملک کا انتظامی سربراہ یہ کہے کہ میموگیٹ سکینڈل کے حوالہ سے فوج اور حکومت میں کوئی اختلاف نہیں تو اس پر تبصرہ کرنے کی بجائے اس پر سر پیٹ لینے کو جی چاہتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ حکمران کب تک اس باہمی جنگ کو عوام سے چھپائیں گے؟ کب تک دنیا کو دھوکہ دینے کی کوشش کریں گے؟ ہم سمجھتے ہیں اِس حوالہ سے عوام کو احمق سمجھنا خود حماقت کا ارتکاب کرنا ہے۔ آج کے دور میں معاملات کو یوں چھپانا ممکن نہیں۔ نہ جانے یہ دن رات جمہوریت جمہوریت اور عوام عوام کی رٹ لگانے والے اِن معاملات میں عوام کو اعتماد میں کیوں نہیں لیتے، جس کا نقد نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ افواہیں گردش کرتی ہیں اور کنفیوژن مزید بڑھتا ہے۔ بہرحال یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے۔ اِن حکمرانوں کا حال تو یہ ہے کہ یہ ڈرون حملوں پر اظہار افسوس کرتے رہے، اِس پر امریکہ کی مذمت کرتے ہیں۔ پارلیمنٹ میں کھڑے ہوکر وزیراعظم پوری قوم سے مخاطب ہوکر کہتے رہے کہ ہم اِن حملوں کی روک تھام کے لیے امریکہ سے بات چیت کر رہے ہیں۔ بعدازاں یہ راز وکی لیکس کے ذریعے کھلا کہ وزیراعظم امریکہ سے کہتے رہے ہیں کہ ہم ڈرون حملوں کے خلاف مذمتی بیان دیتے رہیں گے، آپ اپنا کام جاری رکھیں، ہم کبھی بیان بازی سے بڑھ کر کوئی قدم نہیں اُٹھائیں گے۔ یہ بات اپنے عوام کی مال و جان کا سب سے بڑا محافظ کہہ رہا ہے۔ یہ ڈرون طیارے ملک کے اندر سے شمسی ایئربیس سے اُڑان بھرتے رہے اور اپنے قبائلی بھائیوں کو خون میں نہلاتے رہے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ گویا جھوٹ، دھوکہ دہی، منافقت ہماری رگ رگ میں بس چکی ہے۔

آج صورتِ حال یہ ہے کہ امریکہ اپنے نیٹو اتحادیوں کے ساتھ مل کر ہمیں دھمکا رہا ہے۔ ہمیں ایک بار پھر مجبور کر رہا ہے کہ ہم اپنے مسلمان بھائیوں کے خون سے ہاتھ رنگنے کا عمل جاری رکھیں۔ ہم طالبان کی امریکہ کو مخبری کرنے کا فریضہ بھی ادا کریں۔ ہم سوات اور جنوبی وزیرستان کی طرح شمالی وزیرستان پر بھی حملہ آور ہوں اور مسلمانوں کا قتل عام کریں۔ ہماری عسکری قیادت کا معاملہ یہ ہے کہ وہ ڈرون حملوں سے قبائلیوں کے قتل عام پر تو اُنہوں نے مکمل خاموشی اختیار کیے رکھی لیکن 26 نومبر کو سلالہ پوسٹ پر حملے سے اپنے 26 نوجوانوں کے شہید ہونے پر سخت ردعمل کا اظہار کیا۔ فوجی جوان بھی ہم میں ہی سے ہیں۔ ہمارا ہی خون ہیں۔ ہمیں اُن کے شہید ہونے کا شدید صدمہ ہوا اور فوج کے سخت ردعمل پر یہ تبصرہ کریں گے "دیر آید درست آید"۔ اگرچہ صرف فوجیوں کے خون کو اہمیت دی گئی اور امریکہ سے رویہ بدلہ گیا، پھر بھی ہم اُن کے اِس قدم کی تائید کریں گے۔ سوال یہ ہے کہ امریکہ اور نیٹو جیسی قوت کا اِس طرح مقابلہ کیا جاسکے گا کہ فوج اور حکومت کے تعلقات کی یہ کیفیت ہو جو آغاز میں ہم نے بیان کی ہے۔ کیا سپریم پاور آف دی ورلڈ کا اور اُس کے اتحادیوں کا اس طرح مقابلہ کیا جاسکے گا کہ وزراء کھلم کھلا عدالتوں پر تبرّے بھیج رہے ہوں۔ حکومت امریکہ کو بھول کر اپنی توپوں کا رخ فوج اور عدلیہ کی طرف کر چکی ہو۔

عدلیہ حکومت کے خلاف ہر مقدمہ آگے بڑھ کر وصول کر رہی ہو۔ فوج ملک کے صدر کی ملک کے ساتھ وفاداری کو شک وشکوک کی نگاہ سے دیکھ رہی ہو۔ حکومت یہ سمجھ رہی ہو کہ فوج حکومت کو گرانے کی کوششوں میں مصروف ہے اور فوج کو یہ یقین ہو کہ اُن کی حکومت اُن ہی کے خلاف امریکہ سے مدد مانگ رہی ہے اور عسکری قیادت کو ہٹانے کے لیے امریکہ سے تعاون حاصل کر رہی ہو۔ یوسف رضا گیلانی کہتے ہیں کہ ہمارے خلاف سازش ہو رہی ہے، یہ نہیں بتاتے کون کر رہے ہیں۔ اگلا سانس لینے سے پہلے فرماتے ہیں، ہمارا کسی ادارہ سے تصادم نہیں تو کیا جنات آپ کے خلاف سازش کر رہے ہیں؟ بہر حال ایک ادھم مچا ہوا ہے اور کسی کو کچھ سنائی نہیں دے رہا۔ رہبرانِ قوم باہم گتھم گتھا ہیں اور ہاتھیوں کی اِس لڑائی میں عوام گھاس پھونس کی طرح اُن کے پاؤں تلے مسلے جا رہے ہیں۔ یوٹیلیٹی بلز (بجلی، گیس، ٹیلی فون، پانی) خوفناک بلاؤں کی طرح ہر ماہ عوام پر حملہ آور ہوتے ہیں اور اُن کے بچوں کے منہ سے نوالہ چھین کر حکومت کے پیٹ میں ڈال دیتے ہیں جو دوزخ کی طرح بھرنے کا نام نہیں لے رہا۔ عوام چیخ و پکار کر رہے ہیں۔ کبھی سڑکوں پر ٹائر جلاتے ہیں، کبھی واپڈا اور گیس کے دفاتر نذرِ آتش کرتے ہیں لیکن مجال ہے جو ایوانِ اقتدار میں براجمان نام نہاد عوامی نمائندوں کے کانوں پر جوں رینگے۔ وہاں کرسی کی جنگ میں جان و مال کی بازی لگائی جا رہی ہے۔ کوئی کرسی کی مضبوطی کے لیے ہر چہ بادا باد کا نعرہ لگا رہا ہے اور کوئی اس کرسی کو کھینچنے اور صاحبِ کرسی کو زمین پر پٹخنے کے لیے دیوانہ ہوا جا رہا ہے۔ اُدھر سرحدوں پر چاروں طرف دشمن دانت تیز کر رہا ہے۔ شمال مغربی سرحد پر امریکہ اور اُس کی پٹھو حکومت حملہ آور ہونے کے لیے عذر تراش رہی ہے۔ مشرقی سرحد پر ہمارا ازلی دشمن بھارت تاک میں ہے اور مناسب موقع کا منتظر ہے۔ بڑی سادہ سی بات ہے کیا وہ گھرانہ جس کے افراد باہم دست وگریباں ہوں کسی بیرونی دشمن کا مقابلہ کیسے کر سکتا ہے۔ یہ باہمی جنگ وجدل کوئی نئی بات نہیں ہے، نصف صدی کا قصہ ہے اگر چہ ہر نئے دن اِس میں شدت پیدا ہوتی جا رہی ہے اور تیزی آ رہی ہے۔

بہر حال ہم تو حقِ نصیحت ادا کرتے رہیں گے۔ جب تک زبان میں حرکت ہے، جب تک قلم میں سیاہی ہے اور ہاتھ میں اُسے پکڑنے کے لیے توانائی ہے۔ جب تک ذہن میں سوچ کی صلاحیت ہے اور جب تک دل کی دھڑکن جاری ہے۔ اس لیے کہ ہم نے قرآن پاک سے یہ سیکھا ہے کہ حق کی صدا لگاتے چلے جاؤ اور ملامت کرنے والوں کی ملامت سے خوف نہ کھاؤ۔ ہم تہہ دل سے یہ سمجھتے ہیں کہ یہ گھریلو جھگڑا کبھی ختم نہ ہو گا جب تک اہل خانہ خود کو اُس مشترک بنیاد پر متفق نہیں کر پاتے، جس پر اِس مملکتِ خداداد کو معرضِ وجود میں لانے کے لیے مکمل اتفاق تھا۔ یعنی اُس نظریہ کی عملی تعبیر نہیں کی جاتی جسے مملکت کو تشکیل دیتے وقت عوام اور خواص کے سامنے رکھا گیا تھا۔ ہم سیاسی اور عسکری قیادت سے، عدلیہ سے، انتظامیہ اور ہر نوع کی ایلیٹ سے درخواست کرتے ہیں کہ سوچیں کہ ہماری پستی اور ہمارے زوال کی اصل وجہ کیا ہے۔ ہم بے حال کیوں ہو گئے۔ سکھ چین، امن وامان، سکون، راحت اور آسودگی ہم ان سب سے دور کیوں ہو گئے ہیں۔ اس لیے اور صرف اِس لیے کہ ہم جسم وجاں کی توانائی روح کو فروخت کر کے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ہم دنیا کے خریدار ہیں اور آخرت کو فراموش کر چکے۔ ہم دینِ محمدیؐ سے بے وفائی کے مرتکب ہیں۔ آیئے، ایک یوٹرن اور لیں، اللہ کی رسی کو تھام لیں۔ منجدھار میں پھنسی ہوئی یہ کشتی ساحل پالے گی۔ ان شاء اللہ

پریس ریلیز — **حافظ عاکف سعید**

نفاذ اسلام سے پہلو تہی کی پاداش میں آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی اقتصادی اور واشنگٹن کی سیاسی غلامی ہماری مقدر بن چکی ہے

اسلام سے بے وفائی اور امارت اسلامی کے خاتمے کے جرائم پر ہمیں سجدہ سہو کرنا ہو گا

لاہور (پ ر) دفاع پاکستان محض ایک قومی و ملکی مسئلہ نہیں، بلکہ اس سے آگے بڑھ کر دینی و ملی مسئلہ ہے۔ اس لیے کہ یہ ملک ہم نے اسلام کے نام پر حاصل کیا تھا، جسے عالمی غلبۂ اسلام کا نقطۂ آغاز بننا ہے۔ اِن خیالات کا اظہار امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے گزشتہ روز سیمینار پاکستان میں دفاع پاکستان کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ قیامِ پاکستان کے بعد 64 سال گزرنے کے باوجود ہم نے قیام پاکستان کے اصل مقصد کی جانب پیش قدمی نہ کی۔ ہم اللہ کے دین کو ملک میں نافذ نہ کر سکے، جس کی سزا کے طور پر آج لوٹ کھسوٹ، کرپشن، معاشی بدحالی، بدامنی، قتل وغارت گری، آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی اقتصادی اور واشنگٹن کی سیاسی غلامی ہماری مقدر بن چکی ہے۔ ہماری تمام تر زبوں حالی دراصل اسلام سے پہلو تہی اور غداری کی سزا ہے۔ امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ نائن الیون کے بعد نام نہاد دہشت گردی کے خلاف جنگ میں امارت اسلامی افغانستان کے خاتمے اور مجاہدین اسلام کو کچلنے میں ہم نے امریکہ کا ساتھ دیا۔ آج وہی امریکہ ہم پر چڑھائی کرنے، ہماری ایٹمی تنصیبات پر حملہ اور ہماری سالمیت کی دھجیاں بکھیرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اسلام سے بے وفائی اور امارت اسلامی کے خاتمے کے جرائم پر سجدہ سہو کرنا ہو گا۔ انفرادی واجتماعی گناہوں اور اسلام کے ساتھ بے وفائی پر سچے دل سے معافی مانگنی ہو گی اور ''سب سے پہلے اسلام'' کے ماٹو کو زندگی کے ہر شعبے میں عملی طور پر اپنانا ہو گا۔ اسی سے پاکستان مستحکم ہو گا، اور دشمنوں کے مقابلے میں ہمیں اللہ تعالیٰ کی نصرت بھی حاصل ہو گی۔ (پریس ریلیز: 21 دسمبر 2011ء)

وزیر اعظم گیلانی نے اُسامہ کے حوالے سے فوج پر براہِ راست الزام لگا کر درحقیقت امریکہ کو خوش کیا ہے

جب تک نظامِ خلافت کو عملاً پاکستان میں نافذ نہیں کیا جاتا، نت نئے مسائل سر اُٹھاتے رہیں گے

حکومت اور فوج کا تصادم امریکہ کے لیے نعمت ثابت ہو گا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے نماز جمعہ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے اُسامہ کے حوالے سے فوج پر براہ راست الزام لگا کر درحقیقت امریکہ کو خوش کیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم نام نہاد دہشت گردی کے خلاف جنگ میں امریکہ کے فرنٹ لائن اتحادی بنتے ہیں اور امریکہ ہمارے اداروں کو باہم لڑا کر اِس احسان کا بدلہ چکا رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہاتھیوں کی جنگ میں عوام گھاس پھونس کی طرح مسلے جا رہے ہیں اور اُن کا کوئی پرسان حال نہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اور دوسرے ادارے کان دھریں یا نہ دھریں ہم یہ عرض گزاشت دہراتے رہیں گے کہ جب تک نظامِ خلافت کو عملاً پاکستان میں نافذ نہیں کیا جاتا، نت نئے مسائل سر اُٹھاتے رہیں گے اور پاکستان کے عوام پر مصائب کے پہاڑ ٹوٹتے رہیں گے۔ پاکستان کے تمام مسائل کا حل نظام خلافت کے نفاذ میں ہے۔ اُنہوں نے توقع ظاہر کی کہ آنے والے وقت میں اِس خطہ میں اسلام کا بول بالا ہو گا اور طاغوتی قوتوں کو فیصلہ کن شکست ہو گی۔ (پریس ریلیز: 23 دسمبر 2011ء)

(جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشرواشاعت تنظیم اسلامی پاکستان)

شیخ الہندؒ کی دعوتِ قرآنی اور اس کی انقلابی جہت

19 دسمبر 2011ء کو الحمراء ہال لاہور میں منعقدہ شیخ الہند کانفرنس سے
امیر تنظیم اسلامی محترم **حافظ عاکف سعید** حفظہ اللہ کا خطاب

حضرت شیخ الہندؒ کے حوالے سے شہر لاہور کے قلب میں سیمینار کے انعقاد پر میں منتظمین کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ مجھے یاد ہے کہ 80ء کی دہائی میں والد محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے ماہنامہ میثاق میں اپنے مضامین، اداریوں میں شیخ الہندؒ کا تذکرہ باعادہ وتکرار کیا اور اُن کی عظمت کے مختلف پہلوؤں کو اور انیسویں صدی کے اواخر میں برصغیر کے مسلمانوں کی حقیقی رہنمائی کے حوالے سے ان کی کاوشوں کو اجاگر کیا، تو شیخ الہندؒ کے ایک معتمد رفیق کار مولانا میاں محمد منصور انصاری مرحوم ومغفور کے چھوٹے صاحبزادے قاری حمید انصاری نے والد محترم کو ایک مفصل خط لکھا اور حضرت شیخ الہندؒ کے حوالے سے والد محترمؒ کے افکار و خیالات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا: ''میں عرصے سے پاکستان میں ہوں مگر میں نے اس عرصے میں پاکستان کے کسی اخبار یا رسالے یا ہفتہ وار مجلّے میں مجاہد اعظم حضرت شیخ الہندؒ کا نام تک نہیں پڑھا اور نہ کسی مجلس یا کسی شخص کی زبانی ان کی خدمات و مجاہدات کے بارے میں کچھ سنا۔ حالانکہ یہاں کے اخباروں اور رسالوں میں پیروں فقیروں اور بزرگانِ دین کے حالات، کرامات، خدمات بڑی بڑی جاذب نظر سرخیوں کے ساتھ دیکھنے میں آتے ہیں۔ لیکن جن مردانِ حق نے دینِ متین کے ارتقاء اور اس کی اصل روح کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک اسلامی انقلاب کے لیے طوفانوں سے مقابلہ اور شدائد اور قید و بند کی مشکلات برداشت کیں، ان کے نام اور ان کے کارنامے آج ہم بھلا بیٹھے ہیں۔ انہی حضرات میں مجاہد اعظم حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ بھی ہیں۔''

میں اِسی حوالے سے آج سیمینار کا انعقاد کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ والد محترمؒ شیخ الہندؒ کو چودھویں صدی ہجری کے مجدد اعظم قرار دیتے تھے۔ 24 مئی 1987ء کے تحریر کردہ ایک مضمون میں جو حرم مکی میں سپرد قلم کیا گیا تھا اور اب وہ والد محترم کی تالیف ''جماعت شیخ الہند اور تنظیم اسلامی'' کے مقدمے کے طور پر جزو کتاب ہے، والد محترم لکھتے ہیں: ''الف ثانی'' کے تجدیدی کارنامے کا نقطۂ آغاز اور گیارہویں صدی ہجری کے مجددِ اعظم تو بلاشک وشبہ شیخ احمد سرہندی ہیں، لیکن ان کے ہم عصر شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی علمی خدمات بھی یقیناً قابل تحسین ہیں۔ اسی طرح بارہویں صدی ہجری کے مجددِ اعظم تو بلاشائبہ ریب وشک امام الہند شاہ ولی اللہ دہلویؒ ہیں، لیکن شیخ نجد محمد ابن عبدالوہابؒ کی اصلاحی کوششیں بھی یقیناً قابل تعریف ہیں۔ اسی طرح تیرہویں صدی ہجری کے اصل مجدد تو مجاہد کبیر سید احمد بریلویؒ ہیں، تاہم ان کے نائب و معاون شاہ اسماعیل شہیدؒ بھی ان کے ساتھ برابر کے شریک اور سہیم ہیں۔ چودھویں صدی ہجری کے بارے میں راقم کا یہ گمان رفتہ رفتہ یقین کے درجے تک پہنچ گیا ہے کہ اس کے مجدد اعظم حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ ہیں۔''

قبل ازیں حضرت شیخ الہندؒ کی ہمہ جہت شخصیت کے حوالے سے والد محترمؒ اپنے ایک سابقہ مضمون میں جو کچھ لکھ چکے تھے وہ ان کے حقیقی جذبات واحساسات کی صحیح عکاسی کرتا ہے: ''گزشتہ دنوں راقم الحروف پر حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمہ اللہ کی شخصیت کے بعض ایسے پہلو منکشف ہوئے جن کی جانب پہلے توجہ نہ ہوئی تھی۔ جہاں تک ان کے علم وفضل' تقویٰ و تدیّن' خلوص وللّٰہیت، پھر صبر و استقلال' ہمت وعزیمت اور مجاہدہ ومصابرت' گویا علم اور عمل کی جامعیت کا تعلق ہے اس کا تو کسی قدر اندازہ پہلے بھی تھا، لیکن وسعتِ نگاہ اور بالغ نظری کے ساتھ ساتھ وسعتِ قلب اور عالی ظرفی کا جو امتزاج اُن کی ذات میں پایا جاتا تھا اس کی جانب پہلے توجہ نہ ہوئی تھی —— مولانا 1333ھ میں ہندوستان سے عازمِ حجاز ہوئے تھے، جہاں سے گرفتار ہو کر تقریباً تین سال اور سات ماہ حالتِ اسیری میں رہے اور رہائی ملنے پر 20 رمضان المبارک 1338ھ مطابق 8 جون 1920ء کو واپس بمبئی پہنچے۔ اس کے بعد ان کی زندگی نے کل چھ ماہ کے لگ بھگ وفا کی۔ اور 18 ربیع الاوّل 1339ھ مطابق 30 نومبر 1920ء کو وہ خالق حقیقی سے جا ملے! پھر اس مختصر مدت کے دوران میں ضعیفی اور عام نقاہت پر مستزاد مرض و علالت کا بھی مسلسل ساتھ رہا۔ بایں ہمہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ ایک لمحے کے لیے بھی نہ دین و مذہب اور ملت و اُمت کے مسائل سے فارغ الذہن ہو سکے نہ ملک و وطن کے معاملات سے! اور اس مختصر مدت میں جو چند کام انہوں نے کیے یا کرنے کی کوشش کی ان پر غور کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ نہ صرف یہ کہ وہ موجود الوقت صورتِ حال کا بالکل صحیح تجزیہ کر چکے تھے بلکہ ان کی نگاہیں مستقبل کے حالات و واقعات کا بھی نہایت دور تک مشاہدہ کر رہی تھیں۔ مزید برآں ان کی عالی ظرفی اور وسیع القلبی کے تو وہ شواہد سامنے آتے ہیں کہ انسان حیران رہ جاتا ہے کہ ؏

''ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی!'' —— اور اس پس منظر میں' ہمیں معاف فرمایا جائے اگر ہم اپنے آپ کو اپنے اس احساس کے اظہار پر مجبور پائیں کہ اُن کے جانشینوں میں سے مختلف حضرات ان کی ہمہ گیر شخصیت

کے مختلف پہلوؤں کے وارث تو ضرور بنے' لیکن کوئی بھی ان کی جامعیت کا وارث نہ بن سکا۔ گویا ؎

''نہ اٹھا پھر کوئی رومیؔ عجم کے لالہ زاروں سے
وہی آب و گلِ ایراں وہی تبریز ہے ساقی!''

خصوصاً وہ حضرات جو سیاست' یا جہادِ حریت' یا تحریک استخلاص وطن کے میدان میں ان کے جانشین بنے، انہوں نے حالات کی تبدیلی کے حوالے سے اپنے موقف میں ترمیم کی کوئی ضرورت محسوس نہ کی۔ حالانکہ اس کے بالکل برعکس کیفیت نظر آتی ہے حضرت شیخ الہندؒ کی شخصیت میں: مثلاً علمی وتعلیمی اور تہذیبی وتمدنی اعتبار سے ملت اسلامیہ ہند کے بحرِ محیط میں جو دو روئیں علی گڑھ اور دیوبند کی صورت میں بالکل مخالف سمت میں بہہ نکلی تھیں اور ان سے جسدِ ملی کے پارہ پارہ ہونے کا جو شدید خطرہ موجود تھا اس کا بالکل بروقت اور صحیح اندازہ مولانا نے فرمالیا' حالانکہ وہ خود ان میں سے کسی ایک کشتی میں بالفعل سوار تھے اور اس اعتبار سے بالکل خلاف توقع نہ ہوتا اگر خود ان میں یک رُخاپن پیدا ہو جاتا یا کم از کم فریق ثانی کے لیے کوئی نرم گوشہ دل میں موجود نہ رہتا۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اس چھ ماہ سے بھی کم مدت میں انہوں نے ایک تو علی گڑھ کا دورہ کیا اور وہاں ان کی عالی ظرفی اور وسعتِ قلب کا یہ مظاہرہ سامنے آیا کہ انہوں نے برملا فرمایا کہ: ''میں نے اس پیرانہ سالی اور علالت ونقاہت کی حالت میں آپ کی اس دعوت پر اس لیے لبیک کہا کہ میں اپنی گم شدہ متاع کو یہاں پانے کا امیدوار ہوں۔ بہت سے نیک بندے ہیں جن کے چہروں پر نماز کا نور اور ذکر الٰہی کی روشنی جھلک رہی ہے ......اے نونہالانِ وطن! جب میں نے دیکھا کہ میرے اس درد کے غم خوار جس میں میری ہڈیاں پگھلی جا رہی ہیں، مدرسوں اور خانقاہوں میں کم اور سکولوں اور کالجوں میں زیادہ ہیں تو میں نے اور چند مخلص احباب نے ایک قدم علی گڑھ کی جانب بڑھایا اور اس طرح ہم نے دو تاریخی مقاموں دیوبند اور علی گڑھ کا رشتہ جوڑا!'' (خود نوشت سوانح حیات مولانا حسین احمد مدنیؒ بحوالہ بیس بڑے مسلمان:288) اور دوسرے جدید اور قدیم کے امتزاج کی سعی —— اور علی گڑھ اور دیوبند کے مابین ایک درمیانی راہ پیدا کرنے کے لیے مسلم نیشنل یونیورسٹی کی بنیاد رکھی جو بعد میں ''جامعہ ملیہ'' کے نام سے موسوم ہوئی۔ یہ بالکل دوسری بات ہے کہ پیش نظر مقصد کے اعتبار سے یہ تجربہ بھی ناکام رہا! —— دوسری طرف تحریک استخلاصِ وطن کے ضمن میں ہندو مسلم اشتراک عمل کے نظری طور پر قائل اور اس پر بالفعل عامل ہونے کے باوجود مولاناؒ کی نگاہ نے ہندوؤں کے طرزِ عمل کا بالکل صحیح مشاہدہ کر لیا اور ان کی نگاہِ دُور رس سے ان کے آئندہ عزائم چھپے نہ رہ سکے۔ چنانچہ جمعیت العلماء کے دوسرے اجلاس میں جو خطبہ صدارت انتقال سے چند روز قبل آپؒ نے ارشاد فرمایا، اس میں یہ واضح انتباہ موجود ہے کہ: ''ہاں' یہ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور آج پھر کہتا ہوں کہ ان اقوام کی باہمی مصالحت اور آشتی کو اگر آپ پائیدار اور خوشگوار دیکھنا چاہتے ہیں تو اس کی حدود کو خوب اچھی طرح دلنشیں کر لیجیے۔ اور وہ حدود یہی ہیں کہ خدا کی باندھی ہوئی حدود میں ان سے کوئی رخنہ نہ پڑے۔ جس کی صورت بجز اس کے کچھ نہیں کہ صلح وآشتی کی تقریب سے فریقین کے مذہبی امور میں سے کسی ادنیٰ امر کو بھی ہاتھ نہ لگایا جائے اور دنیوی معاملات میں ہرگز کوئی ایسا طریقہ اختیار نہ کیا جائے جس سے کسی فریق کی ایذا رسانی اور دل آزاری مقصود ہو۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اب تک بہت جگہ عمل اس کے خلاف ہو رہا ہے۔ مذہبی معاملات میں تو بہت لوگ اتفاق ظاہر کرنے کے لیے اپنے مذہب کی حد سے گزر جاتے ہیں۔ لیکن محکموں اور ابواب معاش میں ایک دوسرے کی ایذا رسانی کے درپے رہتے ہیں۔ میں اس وقت جمہور سے خطاب نہیں کر رہا ہوں بلکہ میری گزارش دونوں قوموں کے زعماء (لیڈروں) سے ہے کہ ان کو جلسوں میں ہاتھ اٹھانے والوں کی کثرت اور ریزولیشنوں کی تائید سے دھوکا نہ کھانا چاہیے کہ یہ طریقہ سطحی لوگوں کا ہے اور ان کو ہندو ومسلمانوں کے نجی معاملات اور سرکاری محکموں میں متعصبانہ رقابتوں کا اندازہ کرنا چاہیے''۔ (بیس بڑے مسلمان:291)

بنابریں —— یہ بات بلاخوف وتردید کہی جاسکتی ہے کہ اگر مولاناؒ کی زندگی وفا کرتی تو بعد میں ہندوؤں کی جانب سے جس تنگ نظری اور کم ظرفی ہی نہیں منتقمانہ ذہنیت کا مظاہرہ ہوا اس کے پیش نظر مولانا یقیناً اپنے طریق کار پر نظر ثانی فرماتے اور کیا عجب کہ مسلمانانِ ہند کے جداگانہ قومی وملی تشخص کے سب سے بڑے علمبردار اور اس کے تحفظ کے لیے عملی سعی وجہد کے ''قائد اعظم'' وہی ہوتے! تیسری طرف اس واقعے کو ذہن میں لائیے جس کے راوی ہیں مولانا مفتی محمد شفیع مدظلہ —— کہ اسارتِ مالٹا سے رہائی اور مراجعتِ ہند کے بعد ایک روز دارالعلوم دیوبند میں اکابر علماء کے ایک اجتماع میں شیخ الہندؒ نے فرمایا کہ ہم نے تو اپنی اسیری کے زمانہ میں دو سبق حاصل کیے ہیں۔ اور جب علماء کرام' جن میں مولانا حسین احمد مدنیؒ، مولانا انور شاہ کاشمیریؒ اور مولانا شبیر احمد عثمانیؒ ایسے اکابر موجود تھے' ہمہ تن متوجہ ہو گئے کہ دیکھیں اس ''استاذِ العلماء'' نے اس ضعیفی اور پیرانہ سالی میں کون سے دو نئے سبق سیکھے ہیں تو حضرتؒ نے فرمایا: ''میں نے جہاں تک جیل کی تنہائیوں میں اس پر غور کیا کہ پوری دنیا میں مسلمان دینی اور دنیوی ہر حیثیت سے کیوں تباہ ہو رہے ہیں تو اس کے دو سبب معلوم ہوئے: ایک ان کا قرآن چھوڑ دینا' دوسرے آپس کے اختلافات اور خانہ جنگی۔ اس لیے میں وہیں سے یہ عزم لے کر آیا ہوں کہ اپنی باقی زندگی اس کام میں صرف کروں کہ قرآن کریم کو لفظاً اور معناً عام کیا جائے۔ بچوں کے لیے لفظی تعلیم کے مکاتب ہر بستی بستی میں قائم کیے جائیں۔ بڑوں کو عوامی درس قرآن کی صورت میں اس کے معانی سے روشناس کرایا جائے اور قرآنی تعلیمات پر عمل کے لیے آمادہ کیا جائے اور مسلمانوں کے باہمی جنگ وجدال کو کسی قیمت پر برداشت نہ کیا جائے۔'' (ماخوذ از وحدتِ اُمت' تالیف مولانا مفتی محمد شفیع مدظلہ' شائع کردہ مکتبہ المنبر لائل پور) پھر اس اعتراف واظہار ہی پر اکتفا نہیں فرمایا بلکہ ایک عام درسِ قرآن کی نشست کا باقاعدہ بنفس نفیس اجراء فرما دیا۔ گویا اب احیائے دین اور تجدید ملت کے لیے کام جس اساس اور نہج پر ہونا چاہیے اس کی جانب رہنمائی فرما دی۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مولانا ہرگز لکیر کے فقیر نہ تھے بلکہ آخر عمر میں بھی مسلسل غور وفکر کی عادت برقرار تھی اور بدلتے ہوئے حالات کے تقاضوں کو سمجھ کر اس کے مطابق نقشہ کار میں ضروری تبدیلی کرنے کی اہمیت ان پر پوری طرح واضح تھی اور اُمت کے زوال و انحطاط کے اسباب پر ایک ماہر معالج کے سے انداز میں تشخیص وتجویز پر ہمیشہ نظر ثانی کرتے رہنا آپؒ کی عادتِ ثانیہ تھی!''

میں معذرت خواہ ہوں کہ لذید بود حکایت دراز ترگفتم کے مصداق شیخ الہندؒ کی عظمت اور ہمہ پہلو اور ہمہ صفات شخصیت کا تذکرہ کسی قدر طویل ہوگیا، تاہم میرے نزدیک یہ ضروری تھا۔ البتہ ناانصافی ہوگی اگر

اس ضمن میں محترم ڈاکٹر ابوسلمان شاہ جہانپوری کے ایک مضمون کا حوالہ نہ دیا جائے جسے والد محترم نے میثاق میں شائع کیا تھا۔ عنوان ہے: ''حضرت شیخ الہندؒ کی عظمت کے عناصر ترکیبی پر ایک معروضی نظر''۔ اس میں بہت خوبصورت اور اچھوتے انداز میں شیخ الہند کی عظمت کو نمایاں کیا گیا ہے۔

شیخ الہند کی ہمہ جہت شخصیت کا یہ خاص رخ جس کا تعلق دعوت قرآنی بلکہ دعوت رجوع الی القرآن کے ساتھ ہے، اوپر بیان کردہ آخری بحث سے بالکل واضح ہے۔ امت کے اصل مرض کی تشخیص اور پھر اس کا حل اور پھر اس پیرانہ سالی میں اس کا عملی آغاز! گویا یہ بات بلاخوف تردید کہی جاسکتی ہے کہ امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی تجدیدی مساعی میں رجوع الی القرآن کا جو گوشہ بہت نمایاں تھا، اُسی کو مجددانہ شان سے آگے بڑھایا حضرت شیخ الہندؒ نے۔ چنانچہ انہوں نے قرآن کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے اور مسلمانوں کو اس جانب راغب کرنے کے لیے قرآن حکیم کا اردو ترجمہ نئے محاورے کے ساتھ دوبارہ کیا، بلکہ تفسیری حواشی کے سہل انداز میں تحریر فرمانے کا آغاز کیا۔ قبل ازیں امام الہند حضرت شاہؒ نے فارسی ترجمہ اور ان کے دو فرزندان شاہ عبدالقادرؒ اور شاہ رفیع الدینؒ نے اردو ترجمہ کرکے رجوع الی القرآن کی تحریک کی بنیاد رکھی تھی۔ لیکن آسان فہم تفسیری حواشی کے ضمن میں شیخ الہند ابھی پانچ پاروں پر ہی کام مکمل کر پائے تھے کہ اللہ کی طرف سے بلاوا آگیا، لیکن پھر اس کام کو نہایت حسن وخوبی کے ساتھ پایۂ تکمیل تک پہنچایا ان کے تلمیذ خاص علامہ شبیر احمد عثمانیؒ نے جو پاکستان کے پہلے شیخ الاسلام قرار پائے۔

میرے نزدیک حضرت شیخ الہندؒ نے برصغیر میں رجوع الی القرآن کی جس عظیم تحریک کا از سرنو آغاز فرمایا تھا اُس کا بڑا گہرا تعلق اُن کی تحریک جہاد حریت اور استخلاص وطن کے ساتھ ہے۔ دیوبند کی درسگاہ میں تعلیم و تعلم دین میں مصروف وہ مرد درویش جہاں علوم دینیہ کے فروغ واجراء کی تحریک میں منہمک تھا وہیں وہ انگریز کے خلاف جہاد حریت اور استخلاص وطن کی کوششوں میں بھی نمایاں ترین مقام رکھتا تھا۔ چنانچہ اس ضمن میں شیخ الہند کی ریشمی رومال کے نام سے تحریک اُن کی انہی مجاہدانہ مساعی کا مظہر تھی۔ بلاشبہ یہ بھی امام الہندؒ کے اس عظیم کردار کا ایک تسلسل تھا کہ جنہوں نے اسلامی حکومت کو کمزور پڑتے دیکھ کر افغانستان کے احمد شاہ ابدالی کو دعوت دی تھی۔ ریشمی رومال کی تحریک کا بھی اصل مقصد اُس فرنگی قوت کے خلاف جہاد اور اُسے دیس نکالا دینا تھا جس نے مسلمانوں سے حکومت چھینی تھی اور شرعی عدالتوں کا خاتمہ کرکے ملکہ برطانیہ کا قانون ہندوستان میں نافذ کردیا تھا۔

یہ امر واقعہ ہے کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ اور امام الہند شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی مجاہدانہ مساعی کا یہ ثمرہ تھا کہ انگریز کے خلاف جہاد میں ہر مرحلے میں مسلمان علماء کرام پیش پیش تھے۔ 1857ء کی جنگ آزادی اس کا Climax تھا، جس کے بعد علماء کرام کو شدید ترین تعذیب و تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور اس وقت کے گوانتاناموبے یعنی کالا پانی اور رنگون وغیرہ میں قید کرکے ان کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ سینکڑوں کو سرعام پھانسی دی گئی۔

علماء کرام کی یہ ساری جدوجہد درحقیقت اسلامی حکومت کے تحفظ وقیام اور شریعت الٰہی کے نفاذ کے لیے تھی۔ 1857ء کے بعد جب انگریز فیصلہ کن طور پر برصغیر پر قابض ہوگیا تو علماء کی یہ کوششیں وقتی طور پر دم توڑ گئیں، اور انگریز کی حاکمیت اور اسلام کی مغلوبیت کو گویا ذہناً تسلیم کرلیا گیا۔ یہاں تک کہ کسی کہنے والے نے کہا کہ ؎

ملا کو جو ہے ہند میں سجدے کی اجازت
ناداں یہ سمجھتا ہے کہ اسلام ہے آزاد!

لیکن وہ کہ ''جس کے نفس گرم سے ہے گرمئ احرار'' وہ کہاں باز رہنے والا تھا۔ چنانچہ اس نے اس میدان میں بھی تجدیدی کردار ادا کیا۔ چنانچہ شیخ الہندؒ کی یہ تحریک رجوع الی القرآن دراصل اسی ہمہ گیر جہاد کا حصہ ہے کہ قرآن کے پیغام کے ذریعے عوامی سطح پر ایمان ویقین کی آبیاری کا اہتمام کیا جائے۔ اس طور پر کہ قرنِ اول کے مسلمانوں کی طرح ان میں جہادی روح بیدار ہو جائے۔ جہاں وہ اس حقیقت سے آشنا تھے کہ

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہوکر

وہیں وہ یہ بھی جانتے تھے کہ قرآن ہی وہ نسخہ کیمیا ہے جو جہادی روح کو بیدار کرنے کا موجب ہوگا۔

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا
وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوتِ ہادی
عرب کی زمیں جس نے ساری ہلا دی

گویا رجوع الی القرآن کی تحریک کا اصل مقصد اس ایمان ویقین کی آبیاری تھی جو نہ صرف ہماری اُخروی کامیابی کی ضمانت بنے بلکہ دنیا میں اسلامی حکومت کے قیام اور نفاذِ شریعت کی جدوجہد کی راہ میں معاون بنے۔ گویا جس طرح نبی اکرم ﷺ کے دور میں قرآن جہاں ایک طرف ایمان حقیقی کے حصول اور تزکیہ کا ذریعہ تھا، وہاں یہی درحقیقت آلۂ انقلاب بھی تھا، جس کا نقطۂ آغاز انسانوں کے قلوب واذہان میں ایسا انقلاب لانا تھا جو خارج کے انقلابِ حقیقی کا پیش خیمہ اور ذریعہ بن جائے۔ بقول اقبال ؎

چوں بجا در رفت جاں دیگر شود
چوں جاں دیگر شد جہاں دیگر شود

حرفِ آخر

یہ بات افسوس ناک ہے کہ شیخ الہندؒ کی اس دعوت رجوع الی القرآن کو اور اس کی انقلابی جہت کو ان کے بعد میں آنے والوں میں وہ پزیرائی حاصل نہ ہوسکی، جو ہونا چاہیے تھی۔ تفسیر کے میدان میں علامہ شبیر احمد عثمانیؒ نے اس کام کو آگے بڑھایا۔ عوامی درس قرآن جو کسی قدر انقلابی جہت بھی رکھتا اس میں مولانا عبدالحئی فاروقیؒ، مولانا عبیداللہ سندھیؒ اور مولانا احمد علی لاہوریؒ کے نام قابل ذکر ہیں۔ ہاں — سکول وکالج کے تعلیم یافتہ طبقات میں اس تحریک کو بھرپور طور پر آگے بڑھایا علامہ اقبال نے۔ اور بقول مولانا زاہد الراشدی صاحب گزشتہ پچاس سالوں میں حضرت شیخ الہندؒ کی اس تحریک رجوع الی القرآن کو آگے بڑھانے اور اس کی انقلابی جہت یعنی دین حق کے قیام اور شریعت الٰہی کے نفاذ کے لیے جدوجہد کرنے کی سعادت اللہ نے عطا فرمائی والد محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کو۔ تاہم اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ جماعت شیخ الہند کے اصل وارث دیوبندی حلقے میں شیخ الہندؒ کے کردار کو زندہ کرنے والے سامنے آئیں جو عالمی استعماری قوتوں اور طاغوت کے ایجنٹ مسلمان حکمرانوں کے ساتھ مفاہمت، مداہنت اور تعاون کی روش کو چھوڑ کر ان کے خلاف جرأت و ہمت کے ساتھ کھڑے ہوسکیں اور استحصالی نظام کا خاتمہ ہوسکے۔

قائداعظم کی زندگی کا ایک اہم راز

ضمیر اختر خان

ملت اسلامیہ پاکستان نے گزشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی 25 دسمبر کو قائد کا یوم پیدائش بڑی دھوم دھام سے منایا اور یوں قائد کے احسان کا بدلہ چکا دیا۔ یہ بڑا آسان طریقہ ہے جو اپنے محسنوں کی احسان مندی کا ہم لوگوں نے ایجاد کر لیا ہے۔ اگر ہم نے اپنی روش نہ بدلی تو اندیشہ ہے کہ کل قیامت کے دن ہمارے یہ محسن اللہ کی عدالت میں ہمارا گریبان پکڑیں گے اور پوچھیں گے کہ یہ کون سا طریقہ تھا جو تم نے ہم سے وفاداری نبھانے کا اختیار کیا تھا۔ ہم سے اس وقت کوئی جواب نہ بن پائے گا۔ بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ قائداعظم محسن انسانیت حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے بارے میں کتنے حساس تھے اور انہوں نے نبی مکرم ﷺ کے حکم کی پاسداری کس طور سے کی۔ یہ قائد کی زندگی کا وہ راز ہے جو ہر پاکستانی مسلمان کو معلوم ہونا چاہیے۔ اس راز کو حال ہی میں ایک دانشور نے منکشف کیا ہے۔ اس کا تذکرہ تھوڑی دیر بعد کریں گے۔ پہلے ہم اپنی اس منفی روش کا جائزہ لیتے ہیں جو اپنے محسنوں کے بارے میں ہمارے اندر پائی جاتی ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ ہم عجمی مسلمانوں نے دین اسلام کی روح سے ناواقفیت کی بنا پر اپنے بڑوں کے بارے میں ایک عجیب وغریب رویہ اختیار کیا ہوا ہے۔ اس ضمن میں برعظیم پاک و ہند کے مسلمان دوسروں سے دو قدم آگے ہیں۔ یہ منفی رویہ اپنے بزرگوں کے ساتھ صرف زبانی کلامی عقیدت کا اظہار ہے۔ مثلاً ہمارے لیے سب سے بڑھ کر مرجع عقیدت و محبت ہمارے پیارے نبی ﷺ ہیں، ہمارا ایمان ہے کہ آپ ﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں اور آپ ﷺ کی بعثت ساری دنیا کے انسانوں کے لیے ہوئی ہے۔ تمام انسانوں کو اللہ نے اب نبی ﷺ کی نبوت ورسالت کے حوالے سے قیامت کے دن جانچنا ہے۔ جو لوگ آپ ﷺ پر ایمان لا کر آپ کے طریق زندگی کی پیروی کرتے رہے اور اسی حالت میں انہیں موت آئی تو وہ ان شاء اللہ کامیاب ہوں گے اور جنہوں نے آپ کی نبوت ورسالت کو اور بالخصوص آپ کی ختم نبوت کو نہیں مانا، وہ ازروئے فرمان الٰہی (سورۃ آل عمران:85) ناکام وخائب خاسر ہوں گے۔ نبی ﷺ کے حوالے سے ہمارا رویہ یہ ہونا چاہیے کہ ہم ہمہ وقت آپ ﷺ کے نقش قدم کی پیروی کرتے رہیں، مگر کچھ عرصے سے ہماری توجہات ربیع الاول کے مہینے پر ہی مرتکز ہو کر رہ گئی ہیں۔ جو جذبہ اور جوش وخروش ربیع الاول کی 12 تاریخ کو نظر آتا ہے وہ پورے سال نظر نہیں آتا۔ 12 ربیع الاول کو ہم جو کچھ کرتے ہیں اگرچہ وہ بھی دور صحابہ اور دور تابعین میں، جو ہماری تاریخ کے بہترین ادوار ہیں، نہیں ملتا۔ شاید ہم نے نصاریٰ کی دیکھا دیکھی یہ طرز عمل اختیار کیا ہے۔ نصاریٰ بھی دسمبر کے مہینے اور خاص طور پر 25 دسمبر کو عیسیٰ علیہ السلام کا یوم ولادت منا کر پھر بھول جاتے ہیں کہ ان کی تعلیمات کیا تھیں اور انہوں نے زندگی گزارنے کا کیا طریقہ بتلایا تھا۔ آج نبی ﷺ کا لایا ہوا دین عملی طور پر اپنی مکمل صورت میں کہیں قائم نہیں ہے۔ اس کی کیفیت وہ ہے جو مولانا حالی نے یوں بیان فرمائی ہے ۔

وہ دیں جو بڑی شان سے نکلا تھا وطن سے
پردیس میں وہ آج غریب الغربا ہے

مقام فکر ہے کہ کیا ہم حضور ﷺ کا ربیع الاول میں ذکر خیر کر کے بری الذمہ ہو جائیں گے؟ ہمارے ہاں دیگر شخصیات کے ساتھ بھی یہی معاملہ روا رکھا جا رہا ہے۔ محرم آتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ بھی ہماری تاریخ کا کوئی اہم کردار ہیں، حالانکہ حسین ابن علی رضی اللہ عنہ کی زندگی میں محرم کے علاوہ بھی ہمارے لیے ایک نمونہ عمل موجود ہے۔ اسی طرح ہم پاکستانیوں نے علامہ اقبال اور قائد کے ساتھ بھی اسی طرح کا رویہ اپنایا ہوا ہے۔ 9 نومبر کو اقبال کا کلام گا کر ہم سمجھتے ہیں کہ ہم نے اقبال سے تعلق کا حق ادا کر دیا ہے، حالانکہ اقبال نے جو پیغام دیا ہے، وہ انہوں نے قرآن مجید سے ہی اخذ کیا ہے، وہ زندگی میں ایک معمول کے طور پر ہمیں اپنانا چاہیے۔ قائد کے ساتھ بھی ہمارا معاملہ کوئی اچھا نہیں ہے۔ ان کا ذکر 25 دسمبر کو کر کے پھر پورے سال ہم ان کو بھولے ہوتے ہیں۔ اس سال 25 دسمبر اتوار کو آیا جو کہ چھٹی کا دن تھا۔ کم ہی لوگوں کو یاد رہا ہوگا کہ یہ دن ہم مسلمانان پاکستان کے ایک عظیم محسن کی پیدائش کا دن ہے۔

اب آیئے، اس راز کی طرف جس کا حال ہی میں انکشاف ہوا ہے اور دیکھتے ہیں کہ قائد کی اپنے اور انسانیت کے محسن اعظم ﷺ کے ساتھ عقیدت کس درجے میں تھی۔ تحریک پاکستان سے جو لوگ واقف ہیں، وہ جانتے ہیں کہ 1930ء میں قائداعظم ہندوؤں کے منفی رویے اور مسلمانوں کی بے حسی کے سبب دل برداشتہ ہو کر انگلستان چلے گئے تھے۔ علامہ اقبال نے ان کو ہندوستان واپس لانے کے لیے ان سے بات چیت کی، جس میں وہ کافی حد تک کامیاب ہوئے۔ مگر قائد کی ہندوستان واپسی کا اصل راز وہ تھا جو مولانا شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ نے بیان فرمایا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ قائد نے انہیں ایک نشست میں بتایا تھا کہ وہ لندن کی خود اختیار کردہ جلاوطنی کو سرور کائنات ﷺ کے حکم پر ختم کر کے ہندوستان واپس آئے تھے، جو انہیں سرور کائنات ﷺ نے ایک خواب میں دیا تھا۔ اس خواب کی تفصیل بیان کرتے ہوئے قائد نے بتایا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا حکم نہایت واضح تھا۔ آپ ﷺ نے دوٹوک الفاظ میں فرمایا تھا: ''محمد علی، واپس ہندوستان جاؤ اور وہاں کے مسلمانوں کی قیادت کرو'' قائد نے یہ خواب سنا کر تاکید کی تھی کہ اس واقعہ کا ذکر ان کی زندگی میں کسی سے نہ کیجیے۔ پھر قائداعظم جلاوطنی کو ختم کر کے واپس آئے، مسلم لیگ کے تن مردہ میں نئی روح پھونکی اور مطالبۂ پاکستان پر ڈٹ گئے اور

بالآخر پاکستان بن گیا۔ (ڈاکٹر صفدر محمود، جنگ 29 ستمبر 2011ء)

اس حکم کی تعمیل کے علاوہ قیام پاکستان کے اصل مقاصد سے قائد کس درجے آگاہ تھے، وہ ایک واقعے سے بآسانی سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ واقعہ قائداعظم کے معالج ڈاکٹر ریاض علی شاہ نے ''بانیٔ پاکستان کے آخری کلمات'' کے عنوان سے اپنی ڈائری میں لکھا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ قائد نے ان سے فرمایا: ''جب مجھے یہ احساس ہوتا ہے کہ پاکستان بن چکا ہے تو میری روح کو کس قدر اطمینان ہوتا ہے۔ یہ مشکل کام تھا اور میں اکیلا اسے کبھی نہ کر سکتا تھا۔ میرا ایمان ہے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا روحانی فیض ہے کہ پاکستان وجود میں آیا۔ اب یہ پاکستانیوں کا فرض ہے کہ وہ اسے خلافت راشدہ کا نمونہ بنائیں، تا کہ اللہ اپنا وعدہ پورا کرے اور مسلمانوں کو زمین کی بادشاہت دے۔ پاکستان میں سب کچھ ہے۔ اس کے پہاڑوں، ریگستانوں اور میدانوں میں نباتات بھی ہیں اور معدنیات بھی۔ انہیں تسخیر کرنا پاکستانی قوم کا فرض ہے۔ قومیں نیک نیتی، دیانتداری، اچھے اعمال اور نظم وضبط سے بنتی ہیں اور اخلاقی برائیوں، منافقت، زر پرستی اور خود پسندی سے تباہ ہو جاتی ہیں''

(روزنامہ جنگ 11 ستمبر 1988ء)

اب ذرا ہم اپنا جائزہ لیتے ہیں کہ ہم قائد کے ان تصورات سے کتنے واقف ہیں۔ ہمیں قائد کا صرف ظاہر نظر آتا ہے کہ وہ سوٹ پہنتے تھے۔ انگریزی بولتے تھے۔ (یاد رہے کہ قائد نے پاکستان بننے کے بعد شلوار قمیض اور اچکن کو بطور لباس مستقل طور پر اپنا لیا تھا۔) کچھ دانشوروں کے نزدیک وہ سیکولر خیالات کے حامل تھے۔ کیا رسول ﷺ سے ایسا والہانہ تعلق رکھنے والا شخص جو حضور ﷺ کے خواب میں دیے گئے حکم کی اس اخلاص کے ساتھ تعمیل کرتا ہے، غیر اسلامی خیالات کا علمبردار ہوسکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ آیئے عہد کرتے ہیں کہ سب مل جل کر پاکستان کو قائد کی خواہش کے مطابق خلافت راشدہ کی طرز پر ایک فلاحی اسلامی ریاست بنائیں گے۔

(ان شاء اللہ)

جمود کا شکار کون؟

عابد حسین

میں نے کئی بار بعض رفقاء کو یہ کہتے سنا ہے کہ تنظیم اسلامی میں کوئی حرکت نہیں ہو رہی، یہ تو بالکل ڈھیلی ڈھالی سی جماعت ہے، نہ ملک میں اس کی کوئی مشہوری نہ نام و چرچا۔ اس میں تمام لوگ گم سم سے ہیں نہ اس کی قیادت کو کوئی جانتا ہے اور اس کا انقلابی طریقہ کار انتہائی صبر آزما ہے۔ اس سے پہلے کہ ہم تنظیم اسلامی کے بارے میں اِس طرح کے خیالات کا اظہار کریں، ضروری ہے کہ ہم پہلے اپنے گریبانوں میں جھانک کر دیکھیں کہ کہیں آیا جمود کا شکار تنظیم کی بجائے ہم رفقاء تو نہیں؟

آیئے، آج ہم ذرا اپنا جائزہ لیں۔ ہم نے امیر تنظیم اسلامی کے ہاتھ پر جو بیعت کی شکل میں عہد کیا تھا کہ ہم دین حق کی سربلندی کے لئے اپنے تن، من اور دھن کی قربانی دینے سے بھی دریغ نہیں کریں گے اور ایسا کرنے سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہمارا رب ہم سے راضی ہو جائے اور ہم آخرت میں سُرخرو ہو جائیں۔ اب یہ عہد جو ہم نے امیر تنظیم کے ہاتھ پر کیا، وہ ان شرائط پر کیا تھا کہ ہم اپنے اوقات، جان اور مال سب کچھ اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے کھپا دیں گے۔ اپنے خدا کو حاضر ناظر جان کر سوچئے کہ آپ نے کس حد تک اپنے اس عہد کو وفا کیا؟

''نظم'' نے کہا کہ درس قرآن ہے، اس میں آؤ، تو میں بادل ناخواستہ درس قرآن میں چلا گیا۔ پھر پیغام آیا کہ ہر ہفتہ اسرہ کا پروگرام ہے! یہ خبر ملتے ہی میرے دل نے کہا کہ تنظیم میں شامل ہو کر بھی ایک نئی مصیبت ہی مول لی۔ ابھی تنظیم کے صرف دو پروگراموں کے متعلق ہی میں نے اپنا حال دل بیان کیا ہے۔ آگے مقامی تنظیم کی سطح پر ماہانہ تربیت گاہ ہے، شب بیداری ہے، فہم دین پروگرام ہے، حلقہ کی سطح پر سہ ماہی تربیت گاہ ہے اور مرکز کی سطح پر ہفت روزہ مبتدی تربیت گاہ اور اس طرح روزانہ کی بنیاد پر کم از کم ڈیڑھ گھنٹہ دعوتی سرگرمیوں کے لئے وقف کرنا اور اس کے علاوہ دیگر کئی پروگرام میں جو تنظیم اسلامی نے صرف ہماری ذاتی اصلاح اور تربیت کے لئے ترتیب دیئے ہیں، یہ پروگرام ایسے ہیں جن میں حصول علم کے ساتھ ساتھ تواضع کا اہتمام بھی ہوتا ہے اور کسی قسم کے خوف وخطر کا کوئی اندیشہ نہیں ہوتا۔ ایسے پروگراموں میں شمولیت کے لئے دلچسپی ہم رفقاء میں جس حد تک پائی جاتی ہے، اس سے میں اور آپ سب اچھی طرح واقف ہیں۔

آج ہم تمام رفقاء اپنا محاسبہ کرلیں کہ تنظیم اسلامی میں شمولیت کے بعد ہمارے شب و روز میں بھی کوئی تبدیلی رونما ہوئی ہے یا وہی پرانی بھیڑ چال ہے ۔ خدارا! آج ہم اپنی روش بدل لیں۔ آج ہمارے لئے مہلت ہے۔ ہمیں اس مہلت سے فائدہ اٹھا لینا چاہیے۔ ذرا سوچئے، کل ہم آخرت میں اللہ کو کیا جواب دیں گے اس عہد کی بات بیعت کی صورت میں ہم میں سے ہر ایک نے کر رکھا ہے۔

1۔ ان تمام چیزوں کو ترک کر دوں گا جو اللہ رب العزت کو ناپسند ہیں۔

2۔ اور اس کی راہ میں مقدور بھر جہاد کروں گا۔

3۔ اقامت دین اور اس کے کلمہ کی سربلندی کے لئے اپنا مال، وقت اور جان بھی کھپاؤں گا۔

اب اگر ہمارا مقصد واقعی رضائے الٰہی کا حصول اور اُخروی نجات ہے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمیں تنظیم اسلامی میں جمود نظر نہ آئے بلکہ تنظیم اسلامی میں غلبۂ دین کے لئے حرکت ہو تو یہ تب ہی ممکن ہے کہ جب ہم رفقاء میں حرکت ہوگی۔ تنظیم اسلامی میں حرکت دیکھنے کے لئے لازم ہے کہ ہم رفقاء تنظیم اپنی ذات کو حرکت دیں اور اپنے جمود کو توڑیں، جمود تنظیم اسلامی میں نہیں، بلکہ جمود کا شکار ہم رفقاء ہیں۔ تنظیم ہم سے ہٹ کر کوئی الگ شے نہیں ۔ تنظیم اسلامی ہم رفقاء سے مل کر بنی ہے۔ آج اگر ہم حرکت میں ہیں تو تنظیم حرکت میں ہے، اور اگر ہم جمود کا شکار ہیں تو تنظیم جمود کا شکار ہے۔

آیئے، آج پھر ہم خدا کے حضور گڑگڑا کر توبہ کر لیں اور پھر غلبۂ دین کے عزم صمیم کی یاد تازہ کرلیں۔ جس طرح قطرہ قطرہ سے دریا بنتا ہے اسی طرح فرد سے افراد

بنتے ہیں اور افراد سے معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ آیئے، آج ہم یہ عہد کریں کہ ہم اپنی شعوری کوششوں سے تنظیمی فکر کو دعوت و تبلیغ کے ذریعے دوسروں تک پہنچائیں گے اور اقامت دین کی اس جدوجہد میں اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے، چاہے ہمیں اس میں اپنے، وقت، جان اور مال کی قربانی ہی کیوں نہ دینی پڑے۔ جس طرح بانیٔ تنظیم اسلامی نے تقریباً چونتیس برس پہلے ایک پودا لگایا تھا اور آج وہ پودا تنظیم اسلامی کی صورت میں تناور درخت کی صورت اختیار کر چکا ہے اور آپ جیسے رفقاء کی صورت میں اس درخت پر پھل لگے ہوئے ہیں، اسی طرح اب ان پھلوں کو چاہیے کہ دوسری زمینوں پر بھی اپنا بیج بکھیریں، تاکہ تنظیم اسلامی کا یہ درخت باغ کی صورت اختیار کر سکے اور پھر یہ باغ اپنا ثمر نظام خلافت کی صورت میں پوری دنیا کو برآمد کر سکے۔

یاد رکھئے، یہ کام صرف وعدہ وعید سے ہونے والا نہیں۔ ہمیں غلبۂ دین کے لئے صحابہ کرامؓ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنا چاہیے اور جو قرونِ اولیٰ کے لوگوں کے جتنے قریب ہو سکے وہ اتنا ہی بہتر ہے۔ جس طرح انہوں نے غلبۂ دین حق کے لئے اپنی زندگیوں کو وقف کر دیا تھا، آج ہمیں انہی کے نقش قدم پر چلنے کی ضرورت ہے۔ جب ہم صحابہ کرامؓ والا مشن لے کر نکلے ہیں، تو ضروری ہے کہ ہم اپنا طرز زندگی بھی صحابہ کرامؓ کی طرح یکسر تبدیل کر لیں۔ کبھی ہم نے غور کیا، کہ جو کیفیت غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ جانے والے صحابہ کرامؓ کی تھی، کیا اس کا عشر عشیر اور سوواں یا ہزارواں حصہ بھی ہم پر طاری ہوتا ہے؟ یہ بات افسوس کی ہے کہ ہم تنظیمی پروگراموں میں تساہل اور سستی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ہم درس قرآن، اسرہ جات، ماہانہ تربیت گاہ، فہم دین اور دیگر کئی پروگرامز میں بلاضرورت غیر حاضر رہتے ہیں اور ہمارے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارے دل میں ایک آگ بھڑک اُٹھے۔ زیادہ نہیں تو کم از کم اتنی آگ تو شعلہ زن ہونی چاہیے جتنی اپنے بچے کو بیمار دیکھ کر ہو جاتی ہے، اور ہمیں کھینچ کر ڈاکٹر کے پاس لے جاتی ہے۔ یا اتنی جتنی گھر میں غلہ نہ پا کر بھڑکتی ہے اور آدمی کو تگ و دو پر مجبور کرتی ہے اور چین سے نہیں بیٹھنے دیتی۔ سینوں میں وہ جذبہ ہونا چاہیے، جو ہر وقت ہمیں اپنے نصب العین کی دُھن میں لگائے رکھے، دل و دماغ کو یکسو کر دے اور ہماری توجہات کو اس کام پر ایسا مرکوز کر دے کہ اگر ذاتی یا خانگی یا دوسرے دُنیوی معاملات بھی ہمیں اپنی طرف کھینچیں تو سخت ناگواری کے ساتھ ہم ان کی طرف کھنچیں۔ ہم سب رفقاء یہ کوشش کریں کہ اپنی ذات کے لئے قوت اور وقت کا کم سے کم حصہ صرف کریں اور ہماری زیادہ سے زیادہ جدوجہد اپنے مقصد حیات کے لئے ہو۔ جب تک ہم کوئی کام اس دلی جذبے کے ساتھ نہیں کریں گے اور ہمہ وقت اپنے آپ کو اس کام میں جھونک نہ دیں گے، محض زبانی جمع خرچ سے کام نہیں چلے گا۔

میں اللہ رب العزت کے حضور دعا گو ہوں کہ وہ ہمیں ہر کام صرف اپنی خوشنودی کے لئے کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اقامت دین کے اس کار خیر میں اپنی تمام تر مصروفیات سے بالاتر ہو کر تن، من اور دھن لگا دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور اس عظیم مشن کو ہمارے لئے رضائے الٰہی کا حصول اور توشۂ آخرت و اخروی فلاح کا ذریعہ بنا دے (آمین)

☆☆☆

ضرورت رشتہ

☆ لاہور میں رہائش پذیر فیملی کو اپنی بیٹی، عمر 23 سال، تعلیم بی اے آنرز (ایم فل جاری) کے لیے دینی مزاج کے حامل تعلیم یافتہ، برسرروزگار لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ (آرمی سے منسلک نوجوان کو ترجیح دی جائے گی) برائے رابطہ: 0334-4361092

☆ لاہور میں رہائش پذیر راجپوت فیملی کو اپنی بیٹیوں، عمر بالترتیب 22 سال، 21 سال، تعلیم گریجویشن گرافک ڈیزائنگ، ایم ایس سی ریاضی کے لیے دینی مزاج کے حامل لڑکوں کے رشتے درکار ہیں۔ ذات پات کی کوئی قید نہیں۔ برائے رابطہ: 0321-4893436

☆ مغل فیملی کو اپنی دو بیٹیوں، تعلیم ایم ایس سی، عمر بالترتیب 25 سال، 23 سال کے لیے دینی مزاج کے حامل، پڑھے لکھے، برسرروزگار لڑکوں کے رشتے درکار ہیں۔ (لاہور، گوجرانوالہ کے رہائشی قابل ترجیح ہوں گے)

برائے رابطہ: 0333-4550837

خلافت فورم

☆ 1971ء میں پاکستان کی فوج نے دو ہفتے کے قلیل عرصہ میں ہتھیار ڈال دیے، کیا اِس جنگ کو طویل نہیں کیا جا سکتا تھا؟

☆ ہماری غلط پالیسیوں کی وجہ سے بنگالی متنفر ہوئے نتیجتاً بنگلہ دیش بنا۔ آج ہم امریکہ کے اتحادی بن کر قبائلی بھائیوں کو ناراض کر رہے ہیں، اس کا نتیجہ کیا نکلے گا؟

☆ فوجی افسروں کے بنگالیوں پر مظالم اور عورتوں کی بے حرمتی کے واقعات میں صداقت ہے یا بھارتی اور مغربی میڈیا کا پروپیگنڈا؟

☆ سقوط ڈھاکہ کی ذمہ دار شخصیات کون کون سی تھیں؟

☆ کیا 1971ء کے انتخابی نتائج کو تسلیم نہ کرتے ہوئے شیخ مجیب الرحمٰن کو اقتدار منتقل نہ کرنا پاکستان کی شکست و ریخت کا سبب بنا؟

☆ داخلی اور خارجی مسائل میں گھرا موجودہ پاکستان: کیا 40 سال قبل اور آج کے حالات و واقعات میں کوئی مماثلت ہے؟

☆ اندرا گاندھی کا نظریۂ پاکستان کو خلیج بنگال میں ڈبونے کا دعویٰ کس حد تک درست ہے؟

☆ کیا پاکستان اور بنگلہ دیش کا Merger یا کنفیڈریشن قائم ہو سکتی ہے؟

ان سوالات کے جواب تنظیم اسلامی کی ویب سائیٹ
www.tanzeem.org "خلافت فورم" میں دیکھیے

تجزیہ نگار : جناب قیوم نظامی (سابق وزیر مملکت)
جناب ایوب بیگ مرزا (ناظم نشر و اشاعت تنظیم اسلامی)

میزبان : وسیم احمد

پروگرام کے بارے میں اپنی آراء و تجاویز media@tanzeem.org پر ای میل کریں

پیشکش: شعبہ سمع و بصر مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

ہمارا حقِ آگہی

کتنی حقیقت، کتنا افسانہ

تحریر: نعیم صادق | ترجمہ: ذکی خالد

جب اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر ہیلری کلنٹن اور اس کی ''کمپنی بہادر'' کے دیگر طاقتور ممبران اترنے والے تھے، لگ بھگ اُسی وقت ایک امریکی شہری خاموشی سے اسٹیٹ بینک کے گورنر کا عہدہ سنبھال رہا تھا۔ ایک اور پاکستانی باشندے کو یہ منفرد اعزاز حاصل ہوا کہ وہ اپنے ہی ملک میں پاکستان کا سفیر متعین ہوا۔ اِس سے ایک ہفتہ قبل گورنر سندھ نے جو خود ایک برطانوی شہری ہیں تمام یونیورسٹی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایک برطانوی شہری کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری عطا کی، جو پاکستان کا موجودہ وزیر داخلہ ہے۔ ایم کیو ایم کا سربراہ ملکہ برطانیہ اور اس کی آل اولاد سے وفاداری کا حلف لیے ہوئے ہے جبکہ پاکستان کا آڈیٹر جنرل بذاتِ خود کینیڈا کے ایک شہری ہے۔ آئینی عہدوں پر فائز درجنوں ذمہ داران اور تقریباً 30 سے 40 فیصد ارکانِ پارلیمنٹ بیرونی قومیت کے حامل ہیں اور جن ممالک کے وہ شہری ہیں، وہ اُنہی کے وفادار ہیں۔ یہ آئینِ پاکستان کی دفعہ 63(1) کی کھلی خلاف ورزی ہے جو واضح طور پر یہ کہتی ہے کہ اُس شخص کو مجلسِ شوریٰ (پارلیمنٹ) کے لیے نااہل قرار دیا جائے گا جو پاکستانی قومیت کو چھوڑ دے یا جو کسی اور ملک کی قومیت اختیار کر لے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کو بھارت میں اپنے برطانوی اہلکاروں کی تعیناتی میں 150 سال لگ گئے تھے، لیکن لگتا ہے کہ پاکستان میں تو نئے ملوکی نظام کو اِس سے بھی کم وقت درکار ہوگا۔

